
اکتوبر، 2018

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ



## آپ کے لئے امید کی کرن

### اہم خبریں

چیئرمین جناب شعیب میر کی سرگرمیوں کی تصویری جھلکیاں!

لاہور سینٹرل زون میں تقریب تقسیم انعامات

حیدرآباد زون میں ایجنسی میٹنگ

وہاڑی زون میں تقریب تقسیم انعامات

کراچی سدرن زون
بھوربن کنونشن 2019 پر ترغیباتی سیمینار

برائٹ فیوچر کیریئر کلب خیبر پختونخواہ ریجن کنونشن

منی کنونشن، لاہور



## مستجاب دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَحْسَنُوْا
اِسْتَبْشَرُوْا وَاِذَآ اَسَاءُ وْا اِسْتَغْفَرُوْا

ترجمہ: اے اللہ! مجھے ان بندوں میں سے بنالے جو نیکی کریں تو خوش ہوں اور جب بُرا کام کریں تو مغفرت مانگیں۔


(ابن ماجہ، شعب الایمان)



## فرمانِ الٰہی

جس چیز کو تمہارا جی چاہے اور جو کچھ تم مانگو سب تمہارے لئے جنت میں موجود ہے۔ غفور و رحیم معبود کی طرف سے یہ سب کچھ بطور مہمانی کے ہے اور اس سے زیادہ اچھی بات والا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک کام کرے اور کہے کہ میں یقیناً مسلمانوں میں سے ہوں۔


سورۃ حم السجدہ (آیت: 31 تا 33)



## فرمان رسول ﷺ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کون سی دعا زیادہ مقبول ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو دعا آخری حصہ شب میں کی جائے اور جو دعا فرض نمازوں کے بعد کی جائے۔


(ترمذی)



## قائد اعظمؒ نے فرمایا

خدا کے فضل و کرم سے پاکستان، جس کے لئے ہم جدو جہد کرتے رہے ہیں، آج ایک حقیقت بن چکا ہے لیکن ایک ملک کی تخلیق، ایک مقصد حاصل کرنے کا ذریعہ تھی بذاتِ خود مقصد نہ تھا۔ اس کے پیچھے یہ خیال کارفرما تھا کہ ہمیں ایک ایسا ملک ملے جہاں ہم آزادی سے سانس لے سکیں۔ اس کی تشکیل و تعمیر اپنے تصورات اور تہذیب و تمدن کے مطابق کرسکیں اور جہاں اسلامی سماجی انصاف اور غیر جانبداری کے اصولوں کا بول بالا ہو۔

(سرکاری اور فوجی افسروں سے خطاب، 11 اکتوبر 1947)



## فرمودۂ اقبالؒ

نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر
اسلام نفسِ انسانی اور اس کی مرکزی قوتوں کو فنا نہیں کرتا بلکہ ان کے عمل کیلئے حدود متعین کرتا ہے ان حدود کے متعین کرنے کا نام اصطلاح اسلام میں شریعت یا قانونِ الٰہی ہے۔

(مولوی ظفر احمد صدیقی کے نام خط)

خیال و افکار

# بیمہ داروں سے رابطہ ضروری ہے

یہ بات اب پوری دنیا میں تسلیم کی جاتی ہے کہ بیمہ زندگی کے کاروبار کو وسعت و ترقی دینے میں پرانے بیمہ دار ہمیشہ بڑے معاون ثابت ہوتے ہیں۔ آپ کو چاہئے کہ آپ اپنے پرانے بیمہ داروں سے اپنے روابط پالیسی کی میچورٹی کے بعد بھی قائم رکھیں۔ سال بھر میں کم از کم ایک دو دفعہ ان سے ملاقات ضرور کریں۔ ان ملاقاتوں سے آپ کو تین فائدے پہنچیں گے۔ ایک تو آپ کے بارے میں بیمہ دار کی رائے بہتر ہوگی۔ آپ پر اس کا اعتماد مزید پختہ ہوگا۔ اس سے ملاقات کے دوران آپ کو مزید کاروبار مل سکتا ہے یا مستقبل میں کوئی پالیسی خریدنے والا آپ کو مل سکتا ہے۔

ا۔ کم از کم تین یا چار متوقع بیمہ داروں کے نام اور پتے آپ اس سے حاصل کر سکتے ہیں۔

۲۔ اس کے ملنے جلنے والے/عزیز و اقارب میں جب کوئی بیمہ پالیسی خریدنے کی خواہش کرے وہ انہیں آپ کا حوالہ دے سکتا ہے۔

۳۔ یاد رکھیں پرانے بیمہ داروں سے رابطہ قائم رکھنا آپ کی پیشہ ورانہ ذمہ داری بھی ہے جو بیمہ کارکن بیمہ زندگی کے کاروبار میں پانچ سال گزار چکا ہے اس کے لئے متوقع بیمہ داروں کی تلاش کا کام ہرگز مشکل نہیں ہونا چاہیے۔

بیمہ زندگی کے کاروبار میں یہ دیکھا گیا ہے اگر بیمہ کارکن صرف اپنے بیمہ داروں سے گاہے بگاہے ملتا رہے اور بیمہ زندگی سے متعلق ان کے مسائل حل کرکے ان سے ذاتی طور پر اپنے تعلقات مستحکم کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کا کاروبار فروغ نہ پائے اور وہ کارپوریشن میں بہ آسانی اپنا مقام نہ بنا سکے۔

ایڈیٹر

ccd.statelife@yahoo.com

رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ، سی سی ڈی)

محمد احمد اللہ خان
ڈپٹی ایڈیٹر

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی -75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819 (021) فیکس: 99202868 (021)

لے آؤٹ ڈیزائن، آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر کی ستمبر-اکتوبر کی سرگرمیوں کی تصویری جھلکیاں!

















# راولپنڈی زون کے تحت سیلز منیجرز کانفرنس اور تقریب تقسیم انعامات!



چوہدری محمد یوسف فاروقی، جناب اظہر حسین کو پھول پیش کررہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ ایریا منیجر جناب محمد آصف کو گولڈ میڈل دے رہے ہیں

راولپنڈی زون کے تحت سیلز منیجرز کانفرنس اور تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ ایریا منیجر جناب محمد سعید اعوان کو گولڈ میڈل دے رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ سیلز نمائندہ کو گولڈ میڈل دیتے ہوئے

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا، اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سیکٹر ہیڈ چوہدری محمد طارق نے انجام دیئے۔

اس پروگرام میں زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز نے شرکت کی۔ اگست 2018 کی بنیاد پر اسٹیج پر نمبر ون سیکٹر ہیڈ چوہدری محمد طارق، ایریا منیجر جناب محمد آصف، سیلز منیجر جناب راشد محمود اور سیلز آفیسر محمد نعیم خا کی کو بٹھایا گیا۔

ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین کے آنے پر تقریب کے شرکا نے بھرپور استقبال کیا۔ مہمان گرامی کو پھولوں کے بوکے پیش کئے اور ہار پہنائے۔

زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے جناب اظہر حسین کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ان کی موجودگی سے فیلڈ فورس کی بہت حوصلہ افزائی ہوئی۔ زونل ہیڈ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی زون کی ترقی میں جناب اظہر حسین کا بہت نمایاں کردار ہے۔ اس موقع پر انہوں نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ جناب اظہر حسین نے کارپوریشن کو جدید خطوط پر استوار کیا اور ان کی قائدانہ



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ ایریا منیجر راجہ محمد فیاض کو اعلیٰ کارکردگی پر ٹرافی دے رہے ہیں

صلاحیتوں کی بدولت کارپوریشن ترقی کی منازل تیزی سے طے کررہی ہے اس کے ساتھ ساتھ میں تمام کوالیفائرز کو سلام پیش کرتا ہوں جو اپنی محنت اور اچھی کارکردگی کی بنا پر اس تقریب میں شامل ہوئے۔

ڈویژنل ہیڈ جناب اظہر حسین نے تمام کوالیفائرز کا کانفرنس میں شرکت پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان سرگرمیوں سے ہماری فیلڈ فورس میں نیا جذبہ پیدا ہوگا۔ جناب اظہر حسین نے نئی بھرتی پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا اور تاکید کی کہ جتنا اچھا بیج ہوگا فصل اتنی اچھی ہوگی۔

بعد ازاں کوالیفائرز میں انعامات کے چیکس اور دوسرے انعامات جن میں گولڈ میڈلز اور شیلڈز بھی شامل تھیں، تقسیم کئے گئے۔ تمام نمایاں پوزیشن کے حامل کوالیفائرز کو ہار پہنائے گئے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین کی طرف سے مقابلے کے ذریعے انعامات کا بھی اعلان کیا گیا۔

آخر میں یہ پروگرام دعائیہ کلمات کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ تمام حاضرین کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ سیلز منیجر راجہ علی ظفر کو اعلیٰ کارکردگی پر ٹرافی دے رہے ہیں

عابد محمود ملک
ڈپٹی منیجر راولپنڈی زون

# لاہور زون سینٹرل میں تقریب تقسیم انعامات!



زونل سربراہ محمد اکبر مغل، سب زونل ہیڈ محمد اقبال،
ریجنل چیف محمد داؤد ناصر کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے



ریجنل چیف محمد داؤد ناصر، زونل ہیڈ محمد اکبر مغل، سب زونل ہیڈ محمد طارق کھوکھر، سیلز منیجر محمد اسلام کو اعلیٰ کارکردگی پر ٹرافی دیتے ہوئے

گزشتہ دنوں لاہور زون سینٹرل میں ایک تقریب تقسیم انعامات کی تقریب منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد داؤد ناصر تھے۔اس میں جناب محمد اکبر مغل زونل ہیڈ سینٹرل، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ اور تمام فیلڈ کے لوگوں نے شرکت کی ۔ مہمان خصوصی ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد داؤد ناصر تقریب میں پہنچے تو زونل ہیڈ سینٹرل جناب اکبر مغل اور تمام لوگوں نے بھرپور استقبال کیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔اس موقع پر زونل ہیڈ لاہور سینٹرل جناب محمد اکبر مغل نے اپنے خطاب میں بیمہ زندگی کے کاروبار پر بھرپور روشنی ڈالی انہوں نے تمام شرکاء کو زور دے کر یہ بات کہی کہ بیمہ کاروبار میں آپ جتنی محنت کریں گے اتنا ہی پھل کھائیں گے۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو بچت کی طرف راغب کرتے ہوئے کارپوریشن کی مارکیٹنگ فورس نے ملک کے گوشے گوشے میں لاکھوں خاندانوں کو بیمہ زندگی کے ذریعے معاشی تحفظ فراہم کیا ہے۔تاہم ابھی بھی بیمہ زندگی کے کاروبار میں بہت گنجائش باقی ہے۔آپ کو ابھی بہت محنت کرنی ہے سال اپنے اختتام کی طرف بڑھ رہا ہے ہمیں ٹارگٹ پورے کر کے نمبر ون پوزیشن پر آنا ہے۔



ریجنل چیف محمد داؤد ناصر، زونل سربراہ محمد اکبر مغل، منیجر مارکیٹنگ محمود الحسن کو ٹرافی دیتے ہوئے

اس موقع پر ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد داؤد ناصر نے کوالیفائرز میں انعامات اور ٹرافیاں پیش کیں۔اپنے اختتامی خطاب میں ریجنل چیف سینٹرل نے کہا کہ مجھے امید ہے ہمارا ریجن رواں سال اپنے تمام اہداف مکمل کرے گا۔ اس کے لئے آپ لوگوں کو بھرپور محنت کرنی ہوگی۔ہمیں اپنی پلاننگ میں اعلیٰ اہداف کا تعین کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ہی اپنے ٹارگٹ پورے کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ابھی ہمیں اور زیادہ محنت کرنی ہے اور اپنے کاروبار کو بہت وسعت دینی ہے اس موقع پر انہوں نے ریجن میں ہونے والے تمام بزنس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور باقی ماندہ مہینوں میں کام کی رفتار کو مزید تیز کر کے ریجن کو اول پوزیشن پر لانے کا عزم کیا۔انہوں نے ایریا منیجرز کو اور زیادہ محنت کرنے اور اپنی فیلڈ کو متحرک رکھنے پر زور دیا۔آخر میں انہوں نے تمام کوالیفائر کو ایک دفعہ پھر مبارکباد پیش کی۔

محمد مبشر حنیف
انچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ
لاہور سینٹرل۔



ریجنل چیف محمد داؤد ناصر، زونل سربراہ محمد اکبر مغل، منیجر HRDD طارق محمود کوان کی خدمات پر ٹرافی دیتے ہوئے

# حیدرآباد زون میں ایجنسی میٹنگ!



جناب اظہر حسین اور اقبال گل ہال میں تشریف لا رہے ہیں

گزشتہ دنوں حیدرآباد کے مقامی کلب میں حیدرآباد زون کی طرف سے ایک ایجنسی میٹنگ برائے سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین تھے۔

خصوصی شرکت ریجنل چیف حیدرآباد جناب اقبال گل نے کی ان کے علاوہ زونل ہیڈ حیدرآباد جناب محمد حسین کپری، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، صدر ایریا منیجر ایسوسی ایشن سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین ہار پہنا رہے ہیں، تصویر میں جناب اقبال گل اور محمد حسین کپری بھی نمایاں ہیں

میٹنگ کا آغاز ڈاکٹر عمران شیخ کی تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس کے بعد جناب انور علی نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض جناب محمد عمران دانش نے انجام دیئے۔ زونل ہیڈ حیدرآباد زون جناب محمد حسین کپری نے جناب اظہر حسین اور جناب اقبال گل کو پھول، اجرک اور روایتی ٹوپی پیش کی۔ اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے ٹاپ 10 سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز کو پھولوں کے ہار پہنائے۔

میٹنگ سے صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب میر حسن موگیری اور صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن جناب اوتم چاند نے بھی خطاب کیا۔ زونل ہیڈ حیدرآباد زون جناب محمد حسین کپری نے اپنے خطاب میں مہمان خصوصی اور دیگر شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حیدرآباد زون 2018 میں بھی مزید کامیابیاں حاصل کرے گا اور ہم اسی طرح کے پروگرام آرگنائز کرتے رہیں گے تاکہ فیلڈ فورس کو Motivation ملتی رہے۔ ریجنل چیف نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم پورے ریجن میں صحت مند مقابلے کرواتے رہتے ہیں تاکہ نئے آنے والے فیلڈ فورس کے ساتھیوں کی حوصلہ افزائی ہو اور بزنس میں خاطر خواہ اضافہ بھی ہوتا رہے۔



زونل ہیڈ حیدرآباد محمد حسین کپری خطاب کرتے ہوئے




جناب اظہر حسین کو پھول پیش کئے جا رہے ہیں

آخر میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنے خطاب میں زونل ہیڈ حیدرآباد اور تمام ساتھیوں کا اپنے شاندار استقبال پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حیدرآباد زون نے ماضی میں بھی شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ میری یہ خواہش ہے کہ سال 2018 کے اختتام پر حیدرآباد زون نہ صرف ریجن کی سطح پر نیو پریمیم اور رینول میں نمبر 1 پوزیشن حاصل کرے۔ اس کے لئے آپ لوگوں کو دن رات محنت کرنی ہوگی۔ فیلڈ فورس میں نئی اور کوالٹی کی بھرتی کرنا ہوگی۔ بیمہ زندگی کا پیغام گھر گھر پہنچانا ہوگا۔ بیمہ کے کاروبار میں ابھی بہت گنجائش موجود ہے آپ نے اس پیغام کو پورے پاکستان میں لے کر جانا ہے تاکہ اسٹیٹ لائف آنے والے وقتوں میں بھی اپنی نمبرون پوزیشن برقرار رکھ سکے۔

انہوں نے کارپوریشن کے بزنس کو آگے بڑھانے کے لئے کاروباری مقابلے کروانے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ آپ لوگ پالیسی ہولڈرز کو بہترین سروس فراہم کریں تاکہ ہمارا پالیسی ہولڈر مطمئن رہے اور کارپوریشن کی امیج مزید بہتر ہو۔

میٹنگ کے آخر میں پرتکلف لنچ کا اہتمام تھا۔

رپورٹ: ہارون احمد
پی اے ٹو زونل ہیڈ




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین ہار پہنا رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف وہاڑی زون میں تقریب تقسیم انعامات!

گزشتہ ماہ وہاڑی زون کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل چیف ملتان جناب چوہدری اختر حسین تھے۔ اس تقریب میں وہاڑی زون کے تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ فورس کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ ایسوسی ایشنز کے عہدیداروں کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔
تقریب کے انعقاد کا مقصد کامیاب شاہینوں میں انعامات تقسیم کرنا اور بہتر نتائج کے لئے مؤثر رہنمائی اور ترغیب دینا تھا۔

لہٰذا تلاوت کلام پاک سے تقریب کے باقاعدہ آغاز کے بعد کامیاب اور خوش قسمت شرکاء کو پھولوں کے ہار، پگڑیاں پہنائی گئیں اس موقع پر موٹر سائیکلوں کے ساتھ بیش بہا انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔
تقسیم انعامات کے بعد زونل ہیڈ وہاڑی زون جناب محمد طارق صدیق نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ریجنل چیف کا شکریہ ادا کیا کامیاب شرکاء کو مبارک باد دی اور آئندہ مزید بہتر نتائج دینے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے وہاڑی زون میں ہونے والے کاروبار کے بارے میں ریجنل چیف کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے زون کے مسائل بھی ریجنل چیف سدرن جناب چوہدری اختر حسین کے سامنے پیش کئے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری فیلڈ کے ساتھی دن رات محنت کر رہے ہیں تاکہ بہتر بزنس کرسکیں اور کارپوریشن میں اپنا مقام بنا سکیں۔ ہم سال 2018 کے اختتام پر وہاڑی زون کو بہتر مقام پر دیکھنا چاہتے ہیں۔
آخر میں ریجنل چیف ملتان جناب چوہدری اختر حسین نے اتنے اچھے اور کامیاب پروگرام کے انعقاد پر زونل ہیڈ اور ان کی ٹیم کو شاباش دی اور ان کو شاندار کامیابی اور اہداف کی تکمیل پر مبارک باد دی۔ انہوں نے دورانِ خطاب حاضرین کے جوش و جذبہ کو بڑھایا اور رہنمائی کے لئے اچھی ترغیبات دیں۔ کاروبار میں اضافہ کے لئے نئے افراد کی بھرتی پر زور دیا اور اپنے تجربات کی روشنی میں مختلف طریقہ کار اور ذرائع پر روشنی ڈالی۔ لوگوں کا جوش و خروش دیدنی تھا۔ حاضرین نے یقین دلایا کہ وہ اگلے ماہ اس سے بہتر کارکردگی دکھائیں گے۔ اس موقع پر ریجنل چیف نے وہاڑی زون کی شکایات کو جلد از جلد درست کرنے کا بھی عندیہ دیا۔
آخر میں حاضرین کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا۔ آخر میں ادارے کی کامیابی ترقی، خیر و عافیت اور ملکی سلامتی کے لئے دعاؤں کے ساتھ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

رپورٹ مرزا شیرواں عادل
انچارج ریجن چیف سیکریٹریٹ ملتان



ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر بحیثیت مہمان خصوصی کامیاب فیلڈ ورکر کو شاباش دیتے ہوئے



ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر کامیاب فیلڈ ورکر کو شاباش دیتے ہوئے جبکہ زونل ہیڈ وہاڑی اور سیکٹر ہیڈ بھی موجود ہیں



چوہدری اختر حسین زونل ہیڈ وہاڑی جناب محمد طارق صدیق کو پگڑی پہنا کر اچھی کارکردگی پر شاباش دیتے ہوئے



حاضرین محفل کی تصویر

# برائٹ فیوچر کیریئر کلب خیبر پختونخواہ ریجن کنونشن کا انعقاد !

گزشتہ دنوں برائٹ فیوچر کیریئر کلب کوالیفائیڈ کا مقامی ہوٹل میں کنونشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کوالیفائرز، زونل ہیڈز، ریجنل انچارجز نے بھرپور طریقے سے شرکت کی۔ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد کی قیادت میں یہ پہلا برائٹ فیوچر کیریئر کلب کنونشن کا انعقاد کیا گیا ہے۔ جس کی صدارت ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد نے کی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب حاجی محمد ارشد نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد نے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور پھولوں کے ہار پہنائے اور ان کے ہال میں داخل ہوتے ہی پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ برائٹ فیوچر کیریئر کلب اگست



کے پی کے ریجن کے تمام کوالیفائرز کا جناب خالد محمود شاہد کے ساتھ گروپ فوٹو

2018ء کے مہینے میں ریجن کی سطح پر پہلے ٹاپ 10 افراد کو پرسنٹیج کی بنیاد پر ہار پہنائے گئے۔ خیبر پختونخواہ اور ریجن کی سطح پر ہر کیڈر میں ٹاپ پوزیشن ہولڈرز کو شاندار ٹرافیاں بھی دی گئیں۔ اعلیٰ کارکردگی والے کوالیفائرز کو اسٹیج پر بٹھایا گیا۔

زونل ہیڈز نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کوالیفائرز کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کیا۔

ریجنل چیف خیبر پختوانخواہ ریجن جناب خالد محمود شاہد نے کہا کہ برائٹ فیوچر کیریئر کلب میں ایبٹ آباد زون پہلے نمبر پر ہے کوالیفائرز کی سطح پر ہو، کارکردگی کی سطح پر ہو، ہر لحاظ سے ایبٹ آباد زون معیار کے مطابق تھا تو میں ریجن کی طرف سے ایبٹ آباد زون کو سلام پیش کرتا ہوں۔ میرا مقصد اور عزائم آپ کی کامیابی ہے میں جہاں بھی جاؤں میرا یہ مقصد ہوتا ہے کہ فیلڈ کارکنان اپنی زندگی میں خوش رہیں۔ آپ لوگوں کے لئے کنونشن پہلا قدم ہے اس میں تمام فیلڈ کارکنان بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ برائٹ فیوچر کیریئر کلب اسٹیٹ لائف کے پی کے مقاصد آپ کو آگے لے جانے کی طرف ایک کامیاب قدم ہے اور ہم ایک عظیم ادارے میں کام کر رہے ہیں اور آپ لوگوں کے لیے یہ کنونشن بنایا گیا ہے اور اس کلب کا کریڈٹ تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور فیلڈ کارکنان کو جاتا ہے کہ اس برائٹ فیوچر کیریئر کلب کو فعال کرنے کے لئے دن رات ایک کر کے کام کیا۔ میں چترال، پارا چنار گیا تا کہ آپ لوگوں کو موٹیویٹ کر سکوں اور آپ لوگوں کو کامیابی کے راستے مل جائیں۔ ہمیشہ میں یہ کہتا ہوں کہ آپ لوگ جو ایس آر لاتے ہیں اس کی پوری طرح ٹریننگ کریں جو لوگ آپ کے پاس موجود ہے وہ اس توجہ سے کام کریں اور جس نے یہ فیلڈ کا اسٹرکچر بنایا ہوا ہے میں اس کو سلام پیش کرتا ہوں یہ مہینہ ہمارے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اپنے اپنے زون کے ٹارگٹ بنائیں اسی طرح میری خواہش ہے کہ اپنے سیکٹرز کے لیول پر میٹنگ کریں، پرائز رکھیں، کھلے دل سے خرچ کریں تا کہ آپ کی آمدنی میں اضافہ ہو۔ صرف اور صرف ریکروٹمنٹ پر کام کریں اور اب جس زون نے بھی کوالیفائی کیا اگلا کنونشن اسی زون میں ہوگا۔



پوزیشن ہولڈر ایبٹ آباد زون میں جناب خالد محمود شاہد سے سرٹیفکیٹ وصول کر رہی ہیں

اس کے بعد خیبر پختونخواہ ریجن کی سطح پر ہر کیڈرز میں ایک دوسرے کو چیلنج کیا اور مختلف گروپس میں تقسیم کر کے پول منی مقابلہ کا انعقاد کیا گیا۔ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ نے اعلان کیا کہ ریجن نے کاروباری ترقی کے حوالے سے جو مقابلہ جات جاری کئے ہوئے ہیں اس میں ریجن کی طرف سے ٹاپ سیکٹر ہیڈز کے لئے ٹرافی اعلان کیا گیا۔ جو کم از کم ہدف پندرہ لاکھ سے کم نہیں ہوگا۔



کوالیفائرز اسٹیج پر ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں، خالد محمود شاہد بھی نمایاں ہیں

تقریب کے اختتام پر ریجنل چیف نے برائٹ فیوچر کیریئر کلب کے تمام شرکاء کانفرنس اور تمام ریجنل انچارج اور سیکریٹریٹ کے اسٹاف کا بھی شکریہ ادا کیا۔

رپورٹ: مختار یوسفزئی
پی۔ ایس۔ ٹو ریجنل چیف خیبر پختوانخواہ ریجن پشاور



سوات زون میں خالد محمود شاہد کے ساتھ گروپ فوٹو

# کراچی سدرن زون کے سیلز منیجرز کلب برائے متوقع ایریا منیجرز، آزادی کنٹیسٹ اور بھوربن کنونشن 2019 پر ترغیباتی سیمینار

گزشتہ دنوں مذکورہ تقریب کا انعقاد زون کے خوبصورت شاد ہال میں منعقد ہوا جس میں ریجنل چیف ساؤتھ جناب صدیق اکبر مہمان خصوصی تھے جبکہ صدارت زونل ہیڈ ساؤتھ جناب شاہنواز سومرو نے کی۔ میزبانی کے فرائض سیکٹر ہیڈ عابد مسعود نے ادا کئے۔ اس تقریب میں سیکٹر ہیڈز، سیلز منیجرز خواتین وحضرات شریک ہوئے۔

تقریب سے مذکورہ ترغیباتی عنوانات کے لئے ریٹائرڈ سیکٹر ہیڈ سید صغیر عابد رضوی، سیکٹر ہیڈ نعیم احمد رانا، سیلز منیجرز اسلم پرویز، ضیغم حسین راجپوت اور سید کاظم حسین کو دعوت خطاب دی گئی، اس موقع پر تمام لوگوں نے اپنے تجربات سے ساتھیوں کو مستفیض کیا جس کے بعد درج بالا مقابلوں میں مطلوبہ کارکردگی میں تاحال حاصل کردہ کاروبار اور بقایا متقاضی کاروبار و جذبہ شوق اور جفاکشی پر روشنی ڈالی گئی اور اب تک بہترین کارکردگی کے حامل سیلز منیجر کو پھولوں کے ہار پیش کرکے حوصلہ افزائی کی گئی۔



زونل ہیڈ ساؤتھ جناب شاہنواز سومرو کا شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو

زونل ہیڈ شاہنواز سومرو نے اپنے کیریئر کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ابتدا میں اپنی ٹیم بلڈنگ پر بھرپور توجہ دی۔ ہم دراصل مالی تحفظ فراہم کرتے ہیں ہمیں اپنی منزلوں کو پانے کے لئے سخت محنت درکار ہے۔ ہمیشہ کام کرنے کے ساتھ مارکیٹنگ کے شعبے میں سیکھنے کا عمل جاری رکھنا چاہئے۔ سینئرز کو عزت دیں کیونکہ باادب بانصیب، بےادب بےنصیب۔



جناب صدیق اکبر ریجنل چیف ساؤتھ، زونل ہیڈ ساؤتھ اور سیکٹر ہیڈ اسٹیج پر تشریف فرما ہیں

آخر میں محترم ریجنل چیف صدیق کبر نے اپنے صدارتی خطاب میں باور کرایا کہ ہم سب کے پاس یکساں وقت اور مواقع موجود ہیں اپنے اہداف مقرر کریں۔ اپنے دفتروں کو خوبصورت بنائیں تاکہ آپ کی شخصیت اچھی اور مؤثر نظر آئے۔ معاشی شعبوں میں ہونے والے اثرات اور تبدیلیوں سے باخبر رہیں۔ مارکیٹ کے حقیقی حالات کو سمجھیں اچھی ٹیم کو ساتھ لے کر چلیں۔ کراچی میں کروڑوں کا بزنس کرنا ناممکن نہیں۔ ایک تاریخ رقم کریں اپنے اور زون کے لئے بڑے کام اور مقام حاصل کریں۔ اپنی ٹیم کو وقت دیں یہ آخری سہ ماہی ہے 55 فیصد کام کا انحصار آپ کی کمیونیکیشن مہارت کا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے بیمہ کے کاروبار میں موجود اور کمپنیوں کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ ان سے زیادہ محنت کریں تاکہ آپ جلد سے جلد ان سے آگے نکل سکیں اور اسٹیٹ لائف کے کاروبار کو زیادہ سے زیادہ وسعت دی جاسکے۔ بیمہ کے کاروبار کو شہر شہر اور گاؤں گاؤں پہنچائیں۔ ہمارا کام قومی امانت ہے لوگوں کے غم کو دور کریں تاکہ یہ ادارہ اور زیادہ ترقی کرسکے۔ آخر میں سیکٹر ہیڈ سردار محمد آرائیں نے شرکا کا شکریہ ادا کیا اور ظہرانے کے لئے مدعو کیا۔

رپورٹ: اسلم پرویز
سینئر سیلز منیجر وسیکریٹری اطلاعات



شرکاء میٹنگ



جناب صغیر عابد رضوی خطاب کرتے ہوئے

# لاہور میں ایجنسی اورینٹیشن سیمینار!



جناب داؤد ناصر ریجنل چیف سینٹرل شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

گزشتہ دنوں مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے لاہور میں ایک سیمینار جس کا عنوان اورینٹیشن فار ایجنسی ایڈمنسٹریشن انچارجز منعقد ہوا جس میں لاہور، فیصل آباد، ملتان اور نارتھ ریجن کے تمام زونل انچارجز ایجنسی ایڈمنسٹریشن نے شرکت کی۔ جس کی صدارت ریجنل چیف سینٹرل جناب داؤد اے ناصر نے کی۔ اس سیمینار میں مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے اے جی ایم جناب عبدالغفار اور اسسٹنٹ منیجر جناب فیصل جان محمد نے خصوصی شرکت کی۔

اس موقع پر ریجنوں سے آئے ہوئے انچارجز نے اپنے خیالات کا اظہار اور روزمرہ امور میں درپیش مشکلات کا ذکر کیا اور ان مشکلات کو حل کرنے کے لئے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اے جی ایم مارکیٹنگ جناب عبدالغفار نے اپنے خطاب میں ایس ای سی پی کی جانب سے آئے ہوئے قوانین کے مطابق ایجنسی کو معاملات چلانے پر زور دیا جناب عبدالغفار نے ایجنسی انچارجز کے سوالات کے جوابات بھی دیئے جو انہیں روزمرہ کے معاملات میں درپیش ہوتے ہیں۔ آخر میں



شرکا میٹنگ کے دوران



جناب عبدالغفار اے جی ایم مارکیٹنگ خطاب کرتے ہوئے

ریجنل چیف سینٹرل جناب داؤد اے ناصر نے اپنے خطاب میں شرکا کو ایجنسی ایڈمنسٹریشن کی اہمیت اور اس کی افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی انہوں نے اس موقع پر اس بات پر زور دیا کہ بیمہ کے کاروبار میں ایجنسی ایڈمنسٹریشن ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتی ہے آپ اس میں جتنی محنت سے کام کریں گے بیمہ کا کاروبار اتنا ہی ترقی کرے گا۔




جناب داؤد اے ناصر ریجنل چیف سینٹرل کا سیمینار کے شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو

رپورٹ: فیصل جان محمد
اسسٹنٹ منیجر مارکیٹنگ

## ایک اور عہد کی تکمیل

پالیسی کی میچورٹی پر 7,28,60,000 کا کلیم چیک اسٹیٹ لائف نے جاری کر دیا۔



# چوہدری اعجاز احمد ریجنل چیف نارتھ کی ریٹائرمنٹ!

گزشتہ دنوں آفیسر ویلفیئر گروپ راولپنڈی کے زیر اہتمام ریجنل چیف نارتھ جناب چوہدری اعجاز احمد کی ریٹائرمنٹ کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس تقریب میں زونل ہیڈ پنڈی جناب ایم یوسف فاروقی، زونل ہیڈ جی اینڈ پی جناب عبدالوحید اور راولپنڈی زون اور گروپ اینڈ پنشن کے افسران نے بھی بھرپور شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد ازاں نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی۔ اس موقع پر آفیسر ویلفیئر گروپ راولپنڈی کے جناب مبشر اقبال اور جناب عثمان شیخ نے اپنے خطاب میں ریجنل چیف نارتھ چوہدری اعجاز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ زونل ہیڈ راولپنڈی جناب ایم یوسف فاروقی اور زونل ہیڈ گروپ جناب عبدالوحید نے چوہدری اعجاز ریجنل چیف نارتھ کی خدمات کی تعریف کی۔ اس موقع پر ریجنل چیف جناب چوہدری اعجاز نے تمام افسران اور اسٹاف کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو اور بھی زیادہ ترقی عطا فرمائے اور بیمہ کا یہ ادارہ اور بھی بہتر طریقے سے بیمہ داروں کی خدمت کرتا رہے (آمین)۔



ریجنل چیف چوہدری اعجاز، زونل ہیڈ پنڈی کے ساتھ اسٹیج پر تشریف فرما ہیں




ریجنل چیف نارتھ چوہدری اعجاز احمد کا ریٹائرمنٹ کے موقع پر پنڈی زون اور جی اینڈ پی کے آفیسرز کے ساتھ گروپ فوٹو

# تعزیت!



جناب ممتاز اے بٹ، سابق ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ و زونل ہیڈ کراچی سینٹرل گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔



جناب سلطان مسعود نقی، سابق ڈویژنل ہیڈ جی اینڈ پی اور زونل ہیڈ کراچی ایسٹرن زون گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔



جناب محمد سہیل اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جی اینڈ پی کراچی زون گزشتہ دنوں ہارٹ فیل ہونے کی وجہ سے جہان فانی سے کوچ کر گئے۔

- جناب محمد اعظم شاکر، سابق اسسٹنٹ منیجر، سی سی ڈی کی اہلیہ گزشتہ دنوں امریکہ میں انتقال کر گئیں۔
- جناب محمد اقبال خان (مرحوم) صدر سابق فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی اہلیہ اور اسسٹنٹ منیجر جناب سہیل اقبال خان کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔
- جناب محمد امین، سابق ڈپٹی منیجر کراچی ساؤتھ زون گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔

ادارہ ''تحفظ'' تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔ (تحفظ رپورٹ)

# فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کراچی سینٹرل زون کی تقریب حلف برداری!




زونل ہیڈ جناب ندیم قادری کا فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے ارکان کے ساتھ گروپ فوٹو




زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب ندیم قادری سے نومنتخب ممبران سے حلف لے رہے ہیں

گزشتہ دنوں کراچی سینٹرل زون کی منتخب ورکرز ایسوسی ایشن کی تقریب حلف برداری کراچی سینٹرل زون میں منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب ندیم قادری تھے انہوں نے فیڈریشن کے منتخب ارکان سے حلف لیا۔ اس تقریب میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے سیکریٹری فنانس جناب قمر بٹ اور سیکریٹری اطلاعات جناب اسلم پرویز نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر تمام ڈپارٹمنٹل ہیڈ اور ایریا منیجرز نے اور فیلڈ کے ساتھی بھی موجود تھے۔ اختتام پر مسز کنیز فاطمہ نے ایسوسی ایشن کی طرف سے تمام مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں عصرانہ کا اہتمام کیا گیا۔

منجانب: شوکت بھٹی
پبلسٹی سیکریٹری
فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، کراچی سینٹرل زون

# اسٹیٹ لائف نے 2 کروڑ 54 لاکھ 3 ہزار روپے کا ڈیتھ کلیم چیک کو جاری کر دیا!



# وقت کی قیمت ہے کیا؟

نو برس کی عمر میں جان کیوینسی ایڈمس نے اپنے باپ کو ایک خط میں لکھا، میرے خیالات پرندوں کے انڈے چھوڑنے کی عمر سے آگے پرواز کر رہے ہیں، ، کھیلنا اور آوارہ گردی جب تک کہ تھک نہ جاؤں، ماما نے مجھے پڑھنے کے لیے ایک مصیبت کھڑی کی ہوئی ہے۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ میں اپنے آپ سے شرمندہ ہوں، میں اب تک رولینس ہسٹری کی تیسری ہی جلد تک پہنچ پایا ہوں، اس ہفتے میں اس طرف زیادہ توجہ سے سرگرم رہوں گا۔ میں نے تہیہ کیا ہے کہ میں تیسری جلد کا نصف مکمل کر پاؤں، میری آپ جناب سے درخواست ہے کہ میرے لیے تحریری طور پر کچھ ہدایات مرحمت فرمائیں، کہ میں اپنے کھیل اور پڑھائی کے اوقات میں کیسے توازن قائم رکھوں۔ میں ان نکات کو ملحوظ خاطر رکھوں گا اور ان پر عمل درآمد کے لیے کوشاں رہوں گا، ۔ایڈمس کو یہ کوئی نئ مشکل نہیں تھی، یہ مشکل اس سے پہلے اور بعد میں آنے والے لاکھوں طلبہ کو پیش آتی رہی ہے۔ لیکن یہ بات ایڈمس کو دوسروں سے کیوں ممتاز کرتی ہے۔ شائد اس کی کی فکر اور احساس پریشانی جو اسے اپنی ابتدائی عمر میں اس مسئلہ پر رہا تھا۔ یہ اس کے اس کردار کی خوبی بھی تھی، جس نے اسے صدر امریکہ جیسے عظیم منصب پر فائز ہونے میں مدد دی۔ جی ہاں یہ جان ایف کینیڈی ہی تھے۔ جو بعد میں امریکہ کے صدر منتخب ہوئے۔ وقت کو موثر طور پر استعمال کرنے کی مشکل ہمیشہ ہمارے ساتھ ہوتی ہے۔ لیکن اس میں اہم بات یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی میں وقت کا برتاؤ کیسے کرتے ہیں، اپنی مصروفیات اور بدلتے موسموں میں ہم اپنے کام کا کیسے ہدف مقرر کرتے ہیں، ان پر کیسے عمل پیرا ہوتے ہیں، وقت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ مند بنانے کے لیے کیا تگ ودو کرتے ہیں۔ ڈیڈ لائین، کسی کام کو متعین کردہ وقت میں مکمل کرنا، بہت اہمیت کی حامل ہے، یہ ڈیڈ لائین مختلف افراد کے لیے مختلف ہوسکتی ہے، ایک ڈاکٹر کے لیے اپنے مقررہ وقت میں تمام مریضوں کو دیکھنا، ایک اخبار کے لیے مقرر وقت پر کاپی پرنٹنگ کے لیے پریس بھیجنا، ایک طالب علم کے لیے امتحان کے مقررہ وقت میں پرچہ مکمل کرنا، ایک سیلز پرسن کے لیے اپنے مقررہ ٹائم میں تمام سیلز ملاقاتوں کو مکمل کرنا، ایک انکم ٹیکس کے وکیل کے لیے اپنے کلائینٹ کے تمام ریٹرن آخری تاریخ تک جمع کرادینا ہی اس کی ڈیڈ لائین ہے۔ یا کسی تقریب میں اپنی تقریر کے وقت پر پہنچ پانا۔ آج ہم اکثر یہ بات سنتے ہیں کہ "وقت ایک دولت ہے" اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ ہم کوئی بھی کام اس کے لیے مختص یا مقرر کردہ وقت میں مکمل کرلیں۔ وقت کی قیمت ہے کیا؟ اس کا پیمانہ کیا ہے، کیسے وقت کی قیمت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، ایک جاں بلب مریض کو انجکشن پانچ منٹ میں لگنا ہے۔ تو یہ وقت اس کے لیے ساری دولت سے بڑھ کر قیمتی ہے، ایک اندھی کھائی سے بچنے کے لیے ایک سیکنڈ میں ڈرائیور نے اگر کامیابی سے موڑ کاٹ لیا تو یہ ایک سیکنڈ اس کی زندگی کا قیمتی ترین لمحہ ہے۔ وقت کا ایک ہی جیسا لمحہ ہر ایک کے لیے مختلف قدر و قیمت رکھتا ہے۔ ہم ہر پل اپنا وقت گزار رہے ہیں، یہ وقت گذرتے لمحوں کو گھنٹے، دن، ہفتے، مہینے، سال اور صدی میں تبدیل کردیتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اپنی زندگی کا گذارا ہوا ایک گھنٹہ جس میں آپ کوئی ایسا کام کیا ہو، جس نے آنے والے وقت میں آپ کے کئ گھنٹے بچا دیئے ہوں۔ کیا آپ اپنا ایک منٹ دے سکتے ہیں، اس ایک منٹ کی کیا قیمت ہوسکتی ہے، شائد یہ ایک منٹ ٹرین پکڑنے میں آپ کے کام آیا تو یہ بہت قیمتی ہے، اگر جہاز کی فلائٹ مس کرنے سے آپ اس ایک منٹ کی وجہ سے بچ گئے، تو یہ آپ کے لیے بہت قیمتی ہی ہوا۔ اگر آپ اپنے کام کے اوقات میں سے ایک منٹ بچانا شروع کردیں تو آپ حیران ہوں گے کے سال بھر میں آپ نے اپنے چار گھنٹے بچا لیے۔ اگر کام کے اوقات میں سے آپ نے دس منٹ روزانہ بچا لیئے تو آپ کے پاس سال بھر میں آدھا ہفتہ ہوگا۔ جس میں آپ کوئی اور مفید کام کرسکیں گے۔



عطا محمد تبسم

سابق ڈی جی ایم (سی سی ڈی)


## عطا محمد تبسم کی نئی کتاب

## فروخت کا فن منظر عام پر آ گئی




دیدہ زیب سرورق، عمدہ موضوعات، دلکش اندازِ تحریر
فروخت پر اہم معلومات پر مبنی کتاب اب دستیاب ہے۔

جناب عطا محمد تبسم اسٹیٹ لائف سے کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے انچارج کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے۔

برائے رابطہ: 0331-3010020

# تصویری خبرنامہ



سیکٹر ہیڈ کانفرنس ساؤتھ ریجن کے شرکا کے ساتھ جناب اظہر حسین جی ایم مارکیٹنگ اور ریجنل چیف ساؤتھ جناب صدیق اکبر کے ساتھ گروپ فوٹو




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین جہلم زون کے زونل ہیڈ جناب راجہ ظفر اقبال کے ہمراہ خوش نصیب کو موٹر سائیکل کی چابی دیتے ہوئے



زونل ہیڈ فیصل آباد لیاقت علی شاہد، سیکٹر ہیڈ جناب محمد سرور کو پھول پیش کر رہے ہیں



جناب اکبر مغل زونل ہیڈ سینٹرل کا 9026 ایریا آفس کے لوگوں کے ساتھ گروپ فوٹو



ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین زونل ہیڈ ملتان شاہد حسن شکرانی کو اچھی کارکردگی پر پھول پیش کرتے ہوئے

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں




جناب افتخار احمد ریجنل چیف فیصل آباد، افتخار احمد مرحوم کی بیوہ محترمہ ذاکرہ پروین کو مبلغ 9,70,600 روپے کا چیک دے رہے ہیں اس موقع پر جناب رانا نوید سرور نائب صدر اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن فیصل آباد بھی نمایاں ہیں



میاں رضوان مجید مرحوم بیمہ دار محمد فیاض کی بیوہ کو 1,500,000 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دیتے ہوئے



زونل ہیڈ بے نظیر آباد شبیر احمد خانزادہ مرحوم علی حسن کی بیوہ کو 6,90,000 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں



زونل ہیڈ لاہور زون جناب افتخار علی، عائشہ بی بی مرحومہ کے خاوند محمد افضل بٹ کو ڈیتھ کلیم 312,500 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں



جناب عابد مسعود سیکٹر ہیڈ کراچی ساؤتھ عبدالجبار مرحوم کا 185,730 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں

# State Life makes waves on Social Media




The past month was all about promoting the future and security of our daughters with State Life's Shehnai Policy. Audiences reacted to our campaign with fervor and shared their appreciation for the message of girl empowerment. Another feature this time was our Endowment Plan, which was highlighted with the visual of a happy family who are on the way to achieving their dreams with us. With more and more people wanting to save for their futures, State Life is gaining its popularity through social media by catering to the needs of Pakistanis' with its superior products and policies which are now even more visible to the public thanks to the digital world.

# Training on “Services & Corporate Etiquette”



A training program on “Services & Corporate Etiquette” was arranged by HRD Division for officers/staff at Training Academy, South Karachi.

The training was conducted by an experienced guest facilitator Ms. Rabia Omar. She is a senior banker, by profession, holding over two decades of experience in the field of sales, relationship building and financial management. She has been involved in training for over a decade on various topics.



The trainer focused on participants’ engagement and delivering real life examples and made the training program lively and fun.

The trainer very expertly differentiated between various levels of service like star service, super service, floating service and sinking service. The program transpired how excellence in service can bring competitive advantage to an organization and why customer loyalty and commitment can create difference for an organization.

The corporate etiquette highlighted importance of personal grooming of an individual employee. It focused on politeness, courtesy, and empathy for both colleagues and customers. The participants learned that personal grooming as part of corporate etiquette bring positive change in attitude and boosts morale resulting in image building for the organization.



The participants appreciated the efforts of HRD Division for conducting such a beneficial training program and insisted that such programs be conducted regularly.

Report
Naveed Akhter
AGM (HRDD)







main hall of Hospitality Inn hotel. After recitation of Holy Quran, the D.H Marketing Mr. Azhar Hussain formally inaugurated the 'Mini-Convention, Lahore' with his welcome speech followed by the address of Chairman State Life, Mr. Shoaib Mir. The Chairman appreciated and recognized the efforts put in by the qualifying sales personnel and re-iterated his support for all the marketing force. Regional Chiefs Mr. Dawood Nasir (Central), Mr. Siddique Akbar (South), Mr. Ch. Muhammad Ijaz (North), Mr. Ch. Akhtar Hussain (Multan) and Mr. Tahir A. Khan (Hyderabad) graced the occasion with their teams. Specially designed shields were distributed among all the qualified delegates and they happily took the pictures with Chairman State Life Mr. Shoaib Mir and other dignitaries.



After the conference and lunch, at 4:00pm on the same day; all the qualifiers were taken to visit the famous and emotionally charged venue of 'Wagah Border', where they witnessed the famous parade of 'Pak Army Commandos & Jawans' with nationalistic zeal. This short but highly colorful and successful event concluded on September 09, 2018. All the delegates bid farewell to each other on a scenic rainy day in Lahore towards their homes.



Reported by:
Rizwan Ahmed
(Off'g Manager,
Marketing P.O)



# State Life's Mini Convention (Lahore)






A part of different hallmarks of State Life's legacies, the Mini-Convention held in Lahore from 7-9 September 2018 was a uniquely different, short and robust event with glittering recognition of State Life's sales personnel. A new approach of austerity measures were adopted as all the qualifiers were invited to travel through train or by road, avoiding the bulk of the expenses that previously went to air travel, thus saving the hefty sum of the organization.

The stay for all the delegates was arranged at 'Hospitality Inn' & 'Park Lane' hotels in Lahore city. The organizing committee members arrived one day prior to the event to check all the matters before they started. On September 07, 2018, all the delegates comfortably checked in at their respective hotels, and after having lunch they




were taken on a specially arranged tour of 'Lahore City' courtesy of Pakistan Tourism Development Corporation (PTDC) on their five beautifully decorated double decker buses and all the famous historical monuments were briefly visited. On September 08, 2018 the main event, 'Conference & Chairman's address to the delegates' started at 10:30 am in the



October, 2018

# Tahaffuz

An in-house magazine of
State Life Insurance Corporation
of Pakistan



## Your ray of hope

### *Top Stories*

**Chairman Shoaib Mir**
Activities in Pictures

**Lahore Central Region**
Prize distribution ceremony

**Hyderabad Zone**
Agency Meeting

**Vehari Zone**
Prize distribution ceremony

**Karachi Southern Zone**
Seminar on Bhurban Convention 2019

**Bright Future Career Club**
Khyber Pakhtunkhwa Region

**Mini Convention, Lahore**